Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination, March 2023

Paper : MAHS103CCT : Historiography : Ancient and Medieval World

پرچہ : تاریخ نویسی: عہد قدیم و عہد وسطیٰ دنیا

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) چینی تاریخ نویسی "Shi" سے کیا مراد ہے۔

(ii) منتخب التواریخ کی تیسری جلد کا مرکزی موضوع کیا ہے۔

(iii) راج ترنگنی کس عہد کی تاریخ ہے۔

(iv) اخلاق ادب (Advice Literature) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

(v) عربی تاریخ نویسی میں ’’اسناد‘‘ کسے کہتے ہیں۔

(vi) ’’آئین اکبری‘‘ کا بنیادی موضوع کیا ہے۔

(vii) فتاوائے جہانداری کس کی تصنیف ہے اور اس کا مرکزی موضوع کیا ہے۔

(viii) ’’چارن‘‘ سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

(ix) "Annalistic History" کسے کہتے ہیں۔

(x) عصامی کی تصنیف کا نام بتائے۔

حصہ دوم

(2) تھیوسی ڈیڈیس کی تاریخ نگاری پر ایک مضمون لکھیں۔

(3) فارسی تاریخ نویسی کی اہم خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیں۔

(4) کلہن پر ایک مضمون تحریر کریں۔

(5) چینی تاریخ نویسی کی بنیادی خصوصیات کا ذکر کریں۔

(6) وہ کیا عوامل تھے جن کے سبب عہد وسطیٰ ہند میں فارسی تاریخ نویسی کے رجحان کو ترقی ملی۔ وضاحت کریں۔

(7) بحیثیت مورخ امیر خسرو کے رول پر روشنی ڈالیں۔

(8) یوروپی مآخذ عہد وسطیٰ ہند کی تاریخ کے لیے کس طرح اہم ثابت ہو سکتے ہیں۔ تشریح کریں۔

(9) منہاج سراج کی تاریخ نویسی پر مختصر مضمون لکھیں۔

حصہ سوم

(10) ابوالفضل کی تاریخ نویسی کا تنقیدی تجزیہ کریں۔

(11) عہد وسطیٰ کے اہم ماخذ کی حیثیت سے 'منتخب التواریخ' کا جائزہ لیں۔

(12) علاقائی مآخذ کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیں۔

(13) ضیاءالدین برنی کی تاریخ نویسی پر تفصیلی بحث کریں۔

(14) ابن جریر طبری کے حوالے سے عربی تاریخ نویسی کی اہم خصوصیات پر مضمون لکھیں۔

☆☆☆